# 37802 ـ رمضان میں ہفتےاوراتوار کو کام کرنا

**سوال**

کیا ہمارے لیے ماہ رمضان میں ہفتہ اوراتوار کوکام کرنا جائز ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

ماہ رمضان اوردوسرے مہینوں میں ہفتہ کے ساتوں دن کام کرنا جائز ہے ، مسلمانوں کے ہاں ہفتہ اوراتوارایسے دن نہیں کہ اس میں کام کرنا ممنوع ہو ۔

مسلمان کا ہم وغم یہ نہیں ہونا چاہیے وہ اپنی نماز اورروزہ کے مقابلہ میں کام اورملازمت کو ترجیح دیتا رہے ، اس لیے اگر مسلمان یہ کرسکتا ہوکہ وہ اپنے اورکسی اور کے بغیر کسی نقصان اورضرر کے اپنے دنیوی کاموں میں تخفیف کرے ، یہ ایک حکمت ہےجو ایک اچھا اوربہتر امر ہے تا کہ مسلمان اس ماہ مبارک میں اللہ تعالی کی اطاعت اورروزے اورقرآت قرآن کے لیے فارغ ہوسکے ۔

واللہ اعلم .